امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے آمین کہنا بھول گئے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13035

تاریخ اجراء: 24 ربیع الاول 1445ھ / 11 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ مقتدی امام کے پیچھے آمین نہیں کہہ سکا، بھول گیا، تو کیا اس کی نماز ہو گئی یا سجدۂ سہو لازم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مقتدی سے اقتداء کی حالت میں کوئی واجب بھی بھولے سے رہ جائے، تو اس پر سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا، جبکہ آمین کہنا تو مسنون ہے، یہ اگر بھولے سے رہ جائے، تو اس کی وجہ سے اصلاً سجدۂ سہو لازم نہیں ہو گا۔ لہٰذا پوچھی گئی صورت میں جو مقتدی بھول جانے کی وجہ سے آمین نہ کہہ سکا، تو سجدۂ سہو لازم ہوئے بغیر اس کی نماز ہو جائے گی۔

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے: "وسهو المؤتم لا يوجب السجدة" یعنی مقتدی کا بھول کر واجب ترک کر دینا، سجدہ سہو واجب نہیں کرتا۔ (فتاوی تاتارخانیہ، جلد 2، صفحہ 404، مطبوعہ: کوئٹہ)

امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ليس على من خلف الامام سهو، فان سها الامام فعليه وعلى من خلفه (جو امام کے پیچھے ہے، اس پر سجدہ سہو لازم نہیں، اگر امام بھول جائے تو امام اور مقتدیوں پر سجدہ سہو لازم ہے)، مقتدی پر سہو کی نفی فرمائی، اور وہ نفیِ وقوع نہیں، لاجرم نفیِ حکم ہے، كما دلت عليه كلمة على (جیسا کہ اس پر کلمہ علیٰ دلالت کرتا ہے)، تو ثابت ہوا سہوِ مقتدی کوئی حکم نہیں رکھتا" (فتاوی رضویہ، جلد 8، صفحہ 203، 204، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

مراقی الفلاح میں ہے: "يسن التامين للامام والماموم والمنفرد" یعنی آمین کہنا امام، مقتدی اور تنہا نماز پڑھنے والے کے لئے مسنون ہے۔ (مراقی الفلاح، صفحہ 97، المكتبة العصرية)

حلبی کبیری میں ہے:”لا یجب بترک السنن والمستحبات کالتعوذ والتسمیۃ والثناء والتامین“

یعنی سنن و مستحبات جیسے تعوذ، تسمیہ، ثنا اور آمین کے چھوڑ دینے سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا۔(حلبی کبیری، صفحہ 455، سہیل اکیڈمی، لاھور)

بہارِ شریعت میں ہے:”سنن و مستحبات مثلاً: تعوذ، تسمیہ، ثنا، آمین، تکبیراتِ انتقال کے ترک سے بھی سجدۂ سہو نہیں، بلکہ نماز ہوگئی“(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ709، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net